© rasailojaraid.com



☆......تبصرہ کتب کے لیے دو کتابیں بھیجنا ضروری ہے۔
☆......کتابیں مرکزی دفتر وفاق ملتان کے پتے پر ارسال فرمائیں۔

# مکتوبات اِمام رَبانی

## (دو جلد)

**مترجم: ڈاکٹر محمد نذیر رانجھا**
**صفحات: جلد اول: ۶۴۰۔ جلد دوم: ۵۹۲۔ طباعت: عمدہ، سائز: ۲۰×۳۰ (1/8) قیمت: ۱۹۰۰ روپے**
**ملنے کا پتا: خانقاہ سراجیہ نقشبندیہ مجددیہ، کندیاں ضلع میانوالی۔ ۰۳۰۰۶۰۹۱۱۲۱۔**
**دارالکتب۔ A-6، یوسف مارکیٹ غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور۔**

سلاسل طیبہ صوفیہ میں نقشبندی سلسلہ منفرد اور ممتاز ہے۔ اس سلسلے میں عظیم مشائخ گزرے ہیں۔ انہی میں ایک حضرت مجدد اَلفِ ثانی شیخ احمد سرہندی نور اللہ مرقدہ بھی ہیں۔ آپ سلسلہ عالیہ نقشبندیہ مجددیہ کے پیشوا اور مقتدیٰ ہیں۔ آپ حضرت خواجہ باقی باللہ کے اجل خلیفہ تھے۔ حضرت مجدد الف ثانی رحمۃ اللہ علیہ خاصانِ خدا میں سے تھے۔ آپ ظاہری اور باطنی علوم ومعارف کے حامل، محی السنۃ اور ماحی البدعۃ تھے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کی ذات کو اسلامی ہند میں ترویج واشاعتِ دین کے لیے منبع ومرجع بنایا۔ ایک ایسے وقت میں جب اکبر بادشاہ کے 'دینِ اکبری' کا بہت غلغلہ تھا اور حکومتی مشینری اس دین کو پھیلانے میں مشغول تھی، اسلامی ہند کے مسلمانوں کے ایمان شدید خطرے سے دوچار تھے۔ حضرت شیخ احمد سرہندی قدس سرہ العزیز نے عظیم الشان علمی، روحانی اور تجدیدی کارنامہ انجام دیا۔ عزم وعزیمت پر مبنی آپ کے بلند کردار کی بدولت مسلمانوں کے عقائد واعمال اور معاشرت محفوظ ہوئے۔ آپ کے تجدیدی کارناموں کے اثرات آج بھی صاف محسوس کیے جاسکتے ہیں۔

زیر تبصرہ کتاب "مکتوبات امام ربانی" آپ کے ۵۳۶ مکتوبات شریف کا مجموعہ ہے۔ ان مکتوبات کو حضرت اقدس مجدد الف ثانی رحمہ اللہ کے دور میں ہی شہرہ حاصل ہوگیا تھا، بلخ وبخارا، ایران اور دیگر خطوں میں ان مکتوبات کو اہل دل نے ہاتھوں ہاتھ لیا۔ خانقاہوں میں ان کا باقاعدہ درس ہونے لگا۔ مکتوبات شریف اصلاً فارسی زبان میں ہیں۔ دورِ حاضر کی ضرورت کو مدنظر رکھتے ہوئے سلسلہ عالیہ نقشبندیہ کے مشائخ نے انہیں اردو زبان میں بھی منتقل کیا ہے، تاکہ اردو خواں طبقہ ان مکتوبات کے علوم ومعارف سے مستفید ہوسکے۔ اگرچہ اس سلسلے میں مولانا سید زوّار



© rasailojaraid.com